05-04-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ رنگاریڈی ضلع کے راجندرنگر میں تلنگانہ ہائی کورٹ زون 2 کی عمارت کے تعمیراتی کاموں کا سپریم کورٹ کے چیف جسٹس جسٹس سوریہ کانت نے سنگ بنیاد رکھا۔

۔مجاہد آزادی سماجی مصلح اورسابق نائب وزیراعظم بابوجگجیون رام کی 119ویں یومِ پیدائش آج ریاست بھرمیں شاندارطریقہ سے منائی جارہی ہے۔

۳۔ ریاستی وزیرٹی ناگیشورراؤ نے بھدراچلم کے قریب واقع 5 گاؤں کوتلنگانہ میں شامل کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے مرکزی وزیرداخلہ امیت شاہ کوایک خط لکھا۔

اور

۴۔ انڈین پریمیر لیگ کے تحت آج حیدرآباد کے راجیوگاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں دوپہر 3 بجکر 30 منٹ پرشروع ہونے والے میچ میں سن رائزرس حیدرآباداورلکھنؤسوپرجائنٹس کے درمیان مقابلہ ہے۔

High Court Building Foundation

رنگاریڈی ضلع کے راجندرنگر میں تلنگانہ ہائی کورٹ زون 2 کی عمارت کے تعمیراتی کاموں کا سپریم کورٹ کے چیف جسٹس جسٹس سوریہ کانت نے سنگ بنیاد رکھا۔انہوں نے روایتی طرز پر بھومی پوجا کی اوراس موقع پرانہوں نے بات بھی کی۔

Byte Justice Suryakant

اس تقریب میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے بھی شرکت کی اور وزیراعلیٰ نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے ریاست کی ترقی میں عدالتی نظام اوربنیادی سہولتوں کی اہمیت کواجاگرکیا۔

Byte Revanth Reddy

اس تقریب میں سپریم کورٹ ججس ،جسٹس آلوک آرادھے، جسٹس ایس وی بھٹی،جسٹس اجل بھویان،

جسٹس پی ایس نرسمہا، تلنگانہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس، جسٹس آپریش کمار سنگھ اور دیگر نے شرکت کی۔ اس موقع پر سپریم کورٹ کے چیف جسٹس، جسٹس سوریہ کانت نے ہائی کورٹ کی عمارت کے تصویری نمائش کا مشاہدہ کیا۔

Health Week

پرجا پالنا ترقی کے منصوبہ کے تحت اِس مہینہ کی 6 تاریخ سے 11 تاریخ تک ریاست بھر میں ہیلتھ ویک منایا جارہا ہے۔ اِس ضمن میں ریاستی وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے عہدیداروں کو مختلف ہدایات دیں۔6 تاریخ کو نکلس روڈ پر ایٹ رائٹ واک نیچرو پتی ہاسپٹل میں ملٹ میلہ کا انعقاد عمل میں لایا جارہا ہے جبکہ 7 تاریخ کو عالمی یوم صحت کے موقع پر نمس میں LINAC کے آلات کا افتتاح کیا جائے گا اور تلنگانہ کینسر رجسٹر کا آغاز بھی ہوگا۔اسسٹنٹ پروفیسر سیول اسسٹنٹ سرجن پوسٹوں کیلئے منتخب ہونے والے 871 ڈاکٹرس میں تقررات نامے بھی تقرر کئے جائیں گے جبکہ 8 تاریخ کو سیف مدر ڈے اور 10 تاریخ کو ہومیوپیتھی آیوش ڈے، 11 تاریخ ڈرگس کنٹرول کیلئے شعور بیداری پروگرام منعقد کئے جائیں گے۔ ریاستی وزیر نے طلبہ، خواتین اور نوجوانوں کو اِس پروگرام میں شرکت کیلئے حصہ دار بنانے عہدیداروں پر زور دیا۔

Tummala Letter

ریاستی وزیر ٹی ناگیشور راؤ نے بھدراچلم کے قریب واقع 5 گاؤں کو تلنگانہ میں شامل کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کو ایک خط لکھا۔انھوں نے نظم ونسق میں آسانی کیلئے ان گاؤں کو بھدراچلم میں شامل کرنے کی مانگ کی۔ ریاستی وزیر ٹی ناگیشور راؤ نے کہا کہ اِن پانچ گاؤں کو شامل کرنے پر گریجن طبقہ کے مسائل حل ہوں گے۔ اِس پارلیمنٹ اجلاس میں ہی ان گاؤں کو بھدراچلم میں شامل کرنے کے بل کو پیش کرنے کا مطالبہ کیا۔

HPCL

ہندوستان پٹرولیم کارپوریشن لمیٹڈ نے واضح کیا ہے کہ ملک بھر میں ایل پی جی اور گاڑیوں کے ایندھن کی فراہمی میں کسی قسم کی رکاوٹ نہیں ہے۔ کمپنی کے مطابق روزانہ 15.2 لاکھ سے زیادہ ایل پی جی سلنڈرس تقسیم کئے جارہے ہیں۔اسی مہینہ کی 3 تاریخ کو 3.6 کروڑ لیٹر پٹرول اور 6.7 کروڑ لیٹر ڈیزل فراہم کیا گیا۔ کمپنی نے کہا کہ صارفین کو بلا تعطل اور قابلِ اعتماد سپلائی فراہم کرنے کیلئے وہ پُرعزم ہے۔

Khanapur Municipality:

نرمل ضلع کے خانپور میونسپل چیر پرسن کا عہدہ بی جے پی نے حاصل کرلیا۔ آج ہوئے انتخابات میں اَنکم مونیکا نے کامیاب ہوئیں۔نائب چیرمین کے طور پر بی آر ایس کے امیدوار محمد شعیب منتخب ہوئے۔ جملہ 12 کونسلرس نشستوں میں حالیہ انتخابات میں بی آر ایس 4، بی جے پی 4، کانگریس 3 اور ایک آزاد امیدوار کامیاب ہوا تھا۔ آزاد امیدوار اور ایکس آفیشیو ووٹ کے ساتھ کانگریس کی تعداد 5 ہوگئی، تاہم بی آر ایس کی حمایت سے بی جے پی امیدوار نے چیر پرسن کا عہدہ جیت لیا۔

Jagjivan Ram:

مجاہدآزادی سماجی مصلح اور سابق نائب وزیر اعظم بابو جگجیون رام کی 119 ویں یومِ پیدائش آج ریاست بھر میں شاندار طریقہ سے منائی جارہی ہے۔ حیدرآباد کے نظام کالج کے سامنے واقعہ ان کے مجسمہ پر وزراء اور رہنماؤں نے پھول چڑھا کر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ شام کو رویندر بھارتی میں ثقافتی پروگرامز منعقد کئے جائیں گے۔

ریاستی وزیر اسپورٹ واکٹی سری ہری نے مکتھل میں منعقدہ تقریب میں شرکت کرتے ہوئے کہا کہ جگجیون رام نے ملک کے لئے بے مثال خدمات انجام دیں۔ مختلف اضلاع میں بھی سرکاری افسران اور عوامی نمائندوں نے ان کے مجسموں پر پھول چڑھائے اور انہیں یاد کیا۔

جبکہ راجنا سرسلہ ضلع کے پولیس دفتر میں منعقد کئے گئے پروگرام میں ایس پی مہیش بی گیتے نے بابو جگجیون

رام کی تصویر پر پھول پیش کرتے ہوئے خراجِ عقیدت پیش کیا جبکہ مختلف گاؤں میں منعقد کئے گئے تقریبات میں گورنمنٹ وہپ آدی سرینواس نے شرکت کی۔

جگتیال ضلع کے کلکٹر ستیہ پرساد اور جگتیال ایم ایل اے ڈاکٹر سنجے کمار نے کہا کہ جگجیون رام نے ملک کی آزادی کی جدوجہد میں اہم کردار ادا کیا۔

نلگنڈہ ضلع مرکز میں منعقدہ تقریبات میں ضلع کلکٹر بی چندر شیکھر، میئر بی چیتنیا اور دیگر نے جگجیون رام کے مجسمہ پر پھول چڑھا کر خراجِ عقیدت پیش کیا۔

سنگاریڈی میں جگجیون رام کے مجسمہ پر کلکٹر پی پراوینیا، ٹی جی آئی آئی ڈی سی چیرپرسن نرملہ جگا ریڈی اور ایس پی پریتوش پنکج نے بھی پھول چڑھائے۔

اسی طرح آصف آباد ضلع میں منعقدہ تقریبات میں ضلع کلکٹر کے ہریتا، ایم ایل اے کوا لکشمی اور دیگر رہنماؤں نے شرکت کرتے ہوئے خراجِ عقیدت پیش کیا۔

یہ تقاریب ونپرتھی، محبوب نگر، سرسلہ، جگتیال، نلگنڈہ، سنگاریڈی اور آصف آباد سمیت مختلف اضلاع میں منعقد ہوئیں۔

National Shipping Day

قومی بحریہ دن کے موقع پر مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے ملاحوں اور سمندری شعبہ سے وابستہ افراد کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کا بحری شعبہ معاشی ترقی اور عالمی شراکت میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

Federation Cup:

راجنا سرسلہ ضلع کے جونیر کالج گراؤنڈ میں کل ضلعی سطح کے فیڈریشن کپ مقابلے منعقد ہوں گے۔ فاتحین کو 11 اور 12 تاریخ کو ہنمکنڈہ میں ہونے والے ریاستی سطح کے مقابلوں میں بھیجا جائے گا۔

Harish Rao's Press Meet:

سابق وزیراور بی آر ایس ایم ایل اے ہریش راؤ نے الزام لگایا کہ کانگریس کے اقتدار میں آنے کے بعد ریاست میں دلتوں کی زمینوں پر قبضے ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ زمین اسکینڈل ہزاروں کروڑ روپیوں کا ہے اور رنگا ریڈی ضلع کے نادر گل زمین معاملہ میں کچھ با اثر افراد ملوث پائے جانے کا الزام لگایا۔

IPL

انڈین پریمیر لیگ کے تحت آج حیدرآباد کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں دوپہر 3 بجکر 30 منٹ پر شروع ہونے والے میچ میں سن رائزرس حیدرآباد اور لکھنؤ سوپر جائنٹس کے درمیان مقابلہ ہے۔ لکھنؤ ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔ تازہ اطلاعات کے مطابق سن رائزرس حیدرآباد ٹیم نے 9 وکٹوں کے نقصان پر 156 رن بنائے۔

N. Ramchander Rao

تلنگانہ بی جے پی کے صدر رام چندر راؤ نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سے کہا کہ وہ پڑوسی ریاستوں کو جا کر غیرضروری بیانات دینے کے بجائے انتخابات میں عوام سے کئے گئے 6 گیارنٹیوں کو پورا کرنے کے اقدامات کریں۔ رام چندر راؤ نے آج جنگاؤں ضلع کے دورہ کے موقع پر بی جے پی کے دفتر میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ حکومت انتخابات میں کئے گئے وعدوں کو پورا نہ کرنے پر بی جے پی کی قیادت میں بڑے پیمانے پر احتجاج منظّم کیا جائے گا۔

Sound Byte.

OO